03.12.2024

13.50 Hrs

HL-OPENNING

آداب

یہ آکاشوانی ہے

خبروں کے ساتھ میں ضمیر رضوی

Music

.................................

☆ وزیر اعظم نریندر مودی نے چنڈی گڑھ میں تین نئے فوجداری قوانین کی پیشرفت کا جائزہ لیا ۔

☆ صدرِ جمہوریہ دروپدی مرمو نے معذور افراد کو بااختیار بنانے کیلئے قومی ایوارڈس عطا کئے۔ انہوں نے کہا کہ ایوارڈس کے فاتحین معاشرے کیلئے رول ماڈل بن کر سامنے آرہے ہیں۔

☆ پارلیمنٹ کے دونوں ایوانوں میں پانچ روز کے تعطل کے بعد باضابطہ کام کاج شروع ہوگیا ہے۔

☆ زراعت اور کسانوں کی بہبود کے مرکزی وزیر شیو راج سنگھ چوہان نے زور دے کر کہا ہے کہ مرکزی حکومت نے فصلوں کی کم از کم امدادی قیمت میں تقریباً تین گنا اضافہ کیا ہے۔

☆ اور بھارت کے پوَن Kampelli تھائی لینڈ کے بینکاک میں ایشین اسپورٹس گیم میں e-Football مقابلے میں اب تک کا پہلا کانسے کا تمغہ حاصل کیا ہے۔

Music

اب خبریں تفصیل سے۔۔۔

Haryana PM

وزیر اعظم نریندر مودی نے آج چنڈی گڑھ میں مرکزی وزیر داخلہ امت شاہ کی موجودگی میں بھارت کے فوجداری انصاف کے نظام میں اصلاحات کرنے کیلئے نافذ کردہ تین نئے فوجداری قوانین کی پیشرفت کا جائزہ لیا۔ چنڈی گڑھ ہوائی اڈے پر پہنچنے کے بعد وزیر اعظم کا استقبال ہریانہ کے وزیر اعلیٰ نائب سنگھ سینی اور چنڈی گڑھ انتظامیہ کے عہدیداران نے کیا۔ وزیر اعظم پنجاب انجینئرنگ کالج ہال میں ایک اجتماع سے بھی خطاب کریں گے۔ ہمارے نامہ نگار نے خبر دی ہے کہ پولیس نئے فوجداری قوانین کے نفاذ کے بعد قانون کے نفاذ، عدالتی طریقۂ کار اور شواہد کے بندوبست میں آئی بہتری کو اجاگر کرنے کیلئے تھیٹر کے فنکاروں کی مدد سے لائیو پرفارمنس پیش کررہی ہے۔ اس میں سیکٹر 12 میں پنجاب انجینئرنگ کالج کے کیمپس میں ایک قتل کی تحقیقات سمیت 8 اسٹیج پرفامنس بھی شامل ہیں۔

President Awards

صدر جمہوریہ دروپدی مرمو نے آج نئی دلّی میں معذور افراد کے بین الاقوامی دن 2024 کے موقع پر، معذور افراد کو بااختیار بنانے کیلئے 33 معذور افراد اور اداروں کو اُن کی غیرمعمولی کارکردگی کیلئے قومی ایوارڈس عطا کئے۔ اس موقع پر حاضرین سے

خطاب کرتے ہوئے، صدرِ جمہوریہ دروپدی مرمو نے کہا کہ اِس ایوارڈ کے فاتحین معاشرے کیلئے ایک رول ماڈل کے طور پر ابھرکر سامنے آرہے ہیں۔ صدرِ جمہوریہ نے مزید کہا کہ یہ ایوارڈس ملک بھر میں معذور افراد کو تحریک دینے اور انہیں طاقتور بنانے میں مدد فراہم کریں گے۔ صدرِ جمہوریہ نے زور دے کر کہا کہ اِن لوگوں کو دیکھ کر دیگر افراد اور ادارے بھی معذور افراد کو بااختیار بنانے کی سمت میں کام کرنے کیلئے آگے بڑھیں گے۔ صدرِ جمہوریہ نے کہا کہ آج کے یہ ایوارڈ فاتحین لوگوں کیلئے تحریک حاصل کرنے کا ذریعہ بھی بنیں گے۔ صدرِ جمہوریہ نے معذور افراد کیلئے ہمہ گیر رسائی فراہم کرنے میں Sugamya بھارت ابھیان کے رول کو بھی اجاگر کیا۔ انہوں نے سبھی کو یاد دلایا کہ معذور افراد ہمدردی نہیں بلکہ قدر شناسی چاہتے ہیں۔ اِس موقع پر سماجی انصاف اور تفویضِ اختیارات کے وزیر ڈاکٹر وِریندر کمار بھی موجود تھے۔

**Prez Odisha Visit**

صدر جمہوریہ دروپدی مرمو پوری میں Blue Flag Beach پر کل بھارتی بحریہ کے دن کی تقریب میں شرکت کرنے سمیت مختلف سرکاری پروگراموں میں شرکت کرنے کیلئے اوڈیشہ کے پانچ روزہ دورے پر آج شام بھوبنیشور پہنچیں گی۔ بھوبنیشور پہنچنے کے فوراً بعد صدرِ جمہوریہ ، بھوبنیشور میں پنڈت رگھوناتھ مرمو کے نئے مجسمے کی نقاب کشائی کریں گی اور Adim Owar Jarpa Jaher جائیں گی۔

**Rijiju-Parliament**

پارلیمانی امور کے وزیر کرن رجیجو نے اس بات پر زور دیا ہے کہ پارلیمنٹ کو کام کرتے رہنا چاہیئے تاکہ ملک کو مؤثر انداز میں چلایا جاسکے۔ پارلیمنٹ میں اپوزیشن پارٹیوں کی جانب سے ہنگامہ آرائی پر وزیر موصوف نے کہا کہ اگر پارلیمنٹ کی کارروائی میں رخنہ پڑتا ہے تو اس کا نقصان سب سے زیادہ ملک اور اپوزیشن ارکان کو ہوگا۔ انہوں نے کہا کہ متعدد اپوزیشن اراکین کو اس بات کا احساس ہوگیا ہے کہ ایوان کی کارروائی میں رخنہ ڈالنا نہ تو ملک کے مفاد میں ہے اور نہ ہی اپوزیشن کے حق میں بہتر ہے۔انہوں نے اس بات پر خوشی کا اظہار کیا کہ آج سے ایوان کی کارروائی خوش اسلوبی کے ساتھ جاری رہے گی۔ جناب رجیجو نے کہا کہ 13 اور 14 دسمبر کو لوک سبھا میں اور راجیہ سبھا میں 16 اور 17 دسمبر کو آئین کے موضوع پر بحث ہوگی۔

**RS-Sambhal**

اترپردیش کے سنبھل ضلع میں ہوئے تشدد کی گونج آج پارلیمنٹ کے دونوں ایوانوں میں سنائی دی۔ لوک سبھا میں وقفہ صفر کے دوران سماج وادی پارٹی کے رکن پارلیمنٹ اکھلیش یادو نے الزام لگایا کہ سنبھل میں ہوا واقعہ طئے شدہ سازش کا حصہ تھا۔ انہوں نے مطالبہ کیا کہ اس معاملے میں شامل پولیس اہلکاروں اور انتظامی افسران کے خلاف کارروائی کی جائے۔وہیں راجیہ سبھا میں سماج وادی پارٹی کے رکن پارلیمنٹ پروفیسر رام گوپال یادو نے یہ معاملہ اٹھایا اور اس میں ریاستی پولیس کی جانب سے اِس معاملے میں امتیازی سلوک برتنے کا الزام عائد کیا۔ انہوں نے کہا کہ اس واقعے میں 5 افراد ہلاک ہوئے ہیں اور 20 لوگ زخمی ہوئے ہیں۔ اس کے بعدسماج وادی پارٹی اور ترنمول کانگریس کے اراکین نے اس معاملے پر احتجاج کرتے ہوئے راجیہ سبھا سے واک آؤٹ کیا۔

**Par Protest**

آئی این ڈی آئی اے بلاک کے ارکانِ پارلیمنٹ نے آج ایک مخصوص کاروباری گروپ کے خلاف رشوت کے الزامات سمیت مختلف معاملات پر پارلیمنٹ ہاؤس کمپلیکس میں احتجاج کیا۔ کانگریس کے لوک سبھا میں اپوزیشن لیڈر راہل گاندھی، عامی آدمی پارٹی کے سنجے سنگھ ، RSP کے N.K. پریم چندرن، RJD کی میسا بھارتی اور دیگر ارکان نے اِس احتجاج میں حصہ لیا۔ کانگریس کے رکنِ پارلیمنٹ ششی تھرور نے کہا کہ یہ ارکانِ پارلیمنٹ ، مودی سرکار کی پالیسیوں کے خلاف احتجاج کررہے ہیں، جو کہ کسان مخالف ہے اور چنندہ افراد کی سرمایہ داری کو بڑھاوا دے رہی ہے۔

میڈیا سے بات کرتے ہوئے، سماج وادی پارٹی کے سربراہ اکھلیش یادو نے کہا کہ اُن کی پارٹی نے پارلیمنٹ کے موسمِ سرما کے اجلاس کے آغاز سے ہی سنبھل کے واقعے کو ایوان میں اٹھانے کی کوشش کی ہے۔ انہوں نے کہا کہ اُن کی پارٹی اِس معاملے پر پارلیمنٹ میں بحث چاہتی ہے۔

**Par-Business**

پارلیمنٹ کے دونوں ایوانوں میں پانچ روز کے تعطل کے بعد آج باضابطہ کام کاج شروع ہوگیا ہے۔ لوک سبھا اور راجیہ سبھا دونوں ایوانوں میں وقفۂ صفر اور وقفۂ سوالات کے دوران عوامی اہمیت کے حامل متعدد معاملات کو اٹھایا گیا۔ تاہم لوک سبھا میں ایوان کی کارروائی ، جب شروع ہوئی، اپوزیشن نے ایک مخصوص کاروباری گروپ کے خلاف رشوت کے چارجز اور اترپردیش کے سنبھل ضلعے میں تشدد سمیت مختلف معاملوں پر پارلیمنٹ ہاؤس کمپلیکس میں احتجاج کیا۔ اپوزیشن ارکان نے اِس معاملے کو ایوان میں اٹھانے کی کوشش کی تاہم اس کی اجازت نہیں دی گئی۔ اسپیکر اوم برلا نے اُن سے کہا کہ وہ وقفۂ صفر کے دوران اِن معاملات کو اٹھائیں۔ کانگریس، سماج وادی پارٹی، DMK اور دیگر پارٹیوں کے ارکان نے شور شرابہ کیا ۔

احتجاج کرنے والے ارکانِ پارلیمنٹ نے ایوان سے تھوڑے وقفے کیلئے واک آؤٹ کیا تاکہ بعد میں وہ ایوان کی کارروائی میں شامل ہوگئے۔ وقفۂ صفر کے دوران سماج وادی پارٹی کے ایم پی اکھلیش یادو نے کہا کہ سنبھل کا واقعہ پوری طرح منصوبہ بند سازش تھی۔ انہوں نے مطالبہ کیا کہ اس واقعے میں ملوث پولیس اہلکاروں اور اور انتظامیہ کے عہدیداروں کے خلاف کارروائی کی جانی چاہیئے۔

**LS-MSP Crops**

زراعت اور کسانوں کی بہبود کے مرکزی وزیر شیوراج سنگھ چوہان نے کہا ہے کہ مرکز نے کم از کم بنیادی قیمت میں قریب تین گنا اضافہ کردیا ہے۔لوک سبھی میں آج ایک سپلمنٹری سوال کا جواب دیتے ہوئے جناب چوہان نے کہا کہ این ڈی اے حکومت نے لاگت پر پچاس فیصد نفع جوڑتے ہوئے کم از کم بنیادی قیمت طئے کی ہے۔ جناب چوہان نے کہا کہ UPA حکومت کے دوران چاول کی کم از کم امدادی قیمت 1310 روپے فی کوئنٹل تھی جو بڑھا کر 2300 روپے فی کوئنٹل کردی گئی ہے۔ جناب چوہان نے مزید کہا کہ جوار کی کم از کم امدادی قیمت 1500 روپے فی کوئنٹل سے بڑھا کر 3371 روپے فی کوئنٹل جبکہ باجرہ کی کم از کم امدادی قیمت 1250 روپے فی کوئنٹل سے بڑھا کر 2625 روپے فی کوئنٹل کردی گئی ہے۔وہیں راگی کی کم از کم امدادی قیمت کو 1500 روپے فی کوئنٹل سے بڑھا کر 4269 روپے فی کوئنٹل کردیا گیا ہے۔

**Saugamya Bharat Abhiyan**

سگمیہ بھارت ابھیان جو قابل رسائی مہم کے نام سے بھی جانا جاتا ہے، آج اپنے 9 سال مکمل کررہا ہے۔ یہ ایک انقلابی پہل ہے جس کا مقصد معذور افراد کے لیے قابل رسائی اور شمولیت پر مبنی بھارت بنانا ہے۔

یہ مہم معذور افراد کے لیے بنیادی ڈھانچے میں بہتری، ٹرانسپورٹ اور عوامی مقامات پر اُن کی پہنچ کو آسان بنانے کے ساتھ ساتھ دویانگ افراد کی ضروریات اور ان کے حقوق سے متعلق بیداری پیدا کرنے پر بھی توجہ مرکوز کرتی ہے۔ اس مہم نے لاکھوں دویانگ افراد کے لیے قابل رسائی پبلک ٹرانسپورٹ اور تعلیمی اقدامات کئے ہیں، جس سے انہیں اپنی زندگی عزت اور وقار سے گذارنے کا موقع ملا ہے۔

**Pava Bronze-Football**

تھائی لینڈ کے بینکاک میں کل Asian E-Sports Games 2024 کے E-Football مقابلے میں بھارتی کھلاڑی Pavan Kampelli نے کانسے کا تمغہ جیتا ہے۔ Asian E-Sports Games میں یہ بھارت کا اب تک کا پہلا تمغہ ہے۔ Pavan نے انڈونیشیا کے Asgard Azizi کو 2-1 سے ہراکر کانسے کا تمغہ حاصل کیا ہے، جو Mr. Tomboy کے نام سے مشہور ہیں اور جنہوں نے پچھلے مہینے E-Football کی Waves E-Spots Champion Ship 2025 کا خطاب جیتا تھا۔